مدح بمناسبت شادی

مبارک ہو موقع سہرا مبارک
یہ شادی کا موسم سہانا مبارک

تھا مدّت سے ارمانِ شادی جو دل میں
ہے دن رب نے اِن کو دکھایا مبارک

بحقِ محمد صلعم ، علیؑ ، فاطمہؑ
شرف حق نے اعلیٰ یہ بخشا مبارک

جو کربل میں شبیرؑ نے تھی رَچائی
یہ شادی ہے اُن کا ہی صدقہ مبارک

شہِ کربلا کا یہ ماتم یہ مجلس
ہے داعئِ حق کا وسیلہ مبارک

ہو مؤمن کے ہر گھر میں شادی کی دھوم
یہ عالی قدر کی ہے منشا مبارک

بڑی منّتوں سے یہ شادی رَچائی
ہے مسرور سارا گھرانہ مبارک

یہ خدمت کا اِن کو صلہ مل گیا ہے
خدا نے ہے اِن کو نوازا مبارک

ہے نوشانی ملبوسِ فاخر میں آئی
یہ نوشاہ کو بھی سجایا مبارک

بہت خوب جوڑا بنایا ہے حق نے
حسین کو دُلہن مُنیرا مبارک

بفضلِ دعاءِ شہِ سیفِ دیں
ہو گھر اپنا اِن کو بَسانا مبارک

اُن ہی کی دعاؤں کا ہے یہ ثمر
جو بجتا ہے ہر گھر میں باجا مبارک

ہو مثلِ خضر عمرِ داعی الزّماں
دعا ہے یہ سب کی خدایا مبارک

پھلے پھولے یارب یہ دُولہا دُولہن
مفضّل کا ہو اِن پہ سایہ مبارک

ہو مقبول سب کو بصد احترام
یہ کمتر حینہؔ کا ہدیہ مبارک

امۃ سیدنا المنعام طع
حینہ کونٹریکٹر۔اُجّین